شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25اکتوبر2024ء

پریس ریلیز

غزہ کی گلی گلی میں کوئی یحییٰ السنوار صہیونیوں کے خلاف جہاد کررہاہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): غزہ کی گلی گلی میں کوئی یحییٰ السنوار صہیونیوں کے خلاف جہاد کررہاہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ یحییٰ السنوار کی شہادت پوری اُمت مسلمہ کے لیے بڑا بھاری نقصان ہے۔ لیکن یہ بھی ایک اٹل حقیقت ہے کہ زندگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے دی گئی امانت ہے اور شہید یحییٰ السنوار ایک مومنِ صادق کی طرح مسجدِ اقصیٰ کی حفاظت کے لیے جدوجہد کرتے ہوئے اپنے خالق حقیقی سے جاملے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رٰجِعُوْنَ۔ اُن کی اس بے مثل قربانی نے یقیناً غزہ اور دنیا بھر کے مجاہدین کو نیا عزم اور ولولہ عطا کیا ہے۔ یہ بات اب روزِ روشن کی طرح عیاں ہوچکی ہے کہ 7اکتوبر2023ء کو فلسطینی مسلمانوں کے خلاف شروع کی گئی بدترین اسرائیلی درندگی میں جہاں عام مسلمانوں کو بڑے پیمانے پر شہید کیا جاچکا ہے وہیں ناجائز صہیونی ریاست دہشت گردی کا کُھلم کُھلا ارتکاب کرتے ہوئے غزہ اور دیگر مسلمان ممالک میں تحریکِ مزاحمت کی قیادت اور رہنماوں کی ٹارگٹ کلنگ کررہی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اہلِ فلسطین اپنی شہادتوں کے ذریعے امتِ مسلمہ کی طرف سے جو فرضِ کفایہ ادا کر رہے ہیں وہ انتہائی قابلِ قدر ہے۔ اس وقت جہاں اہلِ غزہ سخت امتحان سے گزر رہے ہیں تو اُس سے بڑا امتحان باقی اُمتِ مسلمہ کا ہے۔ غزہ کے مسلمان تو اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرکے اس امتحان میں کامیاب ہورہے ہیں۔ پھر یہ کہ حماس نے 7اکتوبر2023ء کو غاصب صہیونیوں کے خلاف آپریشن طوفان الاقصیٰ کے ذریعہ دنیا بھر کے عام مسلمانوں کی غیرتِ ایمانی، جذبۂ جہاد اور شوقِ شہادت کو نئی جِلا بخشی ہے۔ الحمد للہ! لیکن اگر مسلمان ممالک کے حکمران اور مقتدر طبقات اسرائیل کو روکنے اور فلسطینیوں کی مدد کے لیے اپنی قوت اور صلاحیت کو بروئے کار نہیں لاتے تو اس امتحان میں ناکام تصور ہوں گے اور روزِ قیامت اللہ تعالیٰ کے ہاں سخت پکڑ کا خدشہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حماس کی اعلیٰ قیادت کو تمام ذمہ داریاں احسن طریقے سے نبھانے کی توفیق عطا فرمائے، صہیونیوں کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملائے اور فلسطینی مسلمانوں کو کامیابی وکامرانی عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

خورشیدانجم

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: 25 October, 2024

Gaza's streets are brimming with the likes of Yahya Al-Sinwar, waging Jihad against the Zionists. (Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh** in a statement. The said that there is no doubt that the shahadah of Yahya Al-Sinwar is a great loss for the entire Muslim Ummah. However, Shaheed Yahya Al-Sinwar, like a true believer, has returned to his Creator – Allah *(SWT)* while fighting for the protection of Masjid Al-Aqsa. (Verily, we belong to Allah and to Him, we shall return). His unparalleled sacrifice has certainly given new determination and enthusiasm to the mujahideen in Gaza and around the world. It has become clear as a day that since 7th October 2023, the worst Israeli brutality against Palestinian Muslims resulted in the shahadah of many innocent Muslims, and the illegal Zionist state is openly perpetrating terrorism by target killing the leaders and commanders of the resistance movement in Gaza and other Muslim countries. The fact is that the people of Palestine are fulfilling their obligation on behalf of the Muslim Ummah through their shahdahs, which is highly commendable. Now, while the people of Gaza are going through a severe test, the bigger test is for the rest of the Muslim Ummah. The Muslims of Gaza are passing this test by sacrificing their lives, and Hamas has rekindled the passion for jihad and shahadah among Muslims worldwide through Operation Storm Al-Aqsa on 7th October 2023. Alhamdulillah! However, if the rulers and establishments of Muslim countries fail to utilize their capabilities to stop Israel and support the Palestinians, they will be considered failures in this test and may face severe accountability on the Day of Judgment. May Allah *(SWT)* grant the leadership of Hamas the ability to fulfill all responsibilities in the best possible manner, thwart the evil plans of the Zionists, and grant victory and success to the Palestinian Muslims. *Ameen!*

Issued by:
Khursheed Anjum
Markazi Nazim Nashr o Ishaat